15/01/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے قومی پلیٹ فارم پر بہترین کارکردگی دکھانے والے جموں کشمیر کے نوجوانوں کو مبارک باد پیش کی ہے ۔وہ جمونمیں 29 ویں نیشنل یوتھ فسٹیول وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ میں شرکت کرنے والے نوجوانوں سے مخاطب تھے ۔

نوجوان لیڈروں کے اس مذاکرے میں چار نوجوانوں کو وزیر اعظم نریندر مودی کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا موقع ملا ۔ ٹیم جموں کشمیر کے ہمراہ محکمہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کی کمشنر سیکریٹری یشا مدگل اور دیگر عہدیداران بھی تھے ۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار جموں کشمیر کے ہر علاقے میں ٹرانسپورٹ کی بہتر سے بہتر خدمات فراہم کر نے کے لئے پر عزم ہے کیونکہ یہ شعبہ براہِ راست سیاحتی سیکٹر کے ساتھ جُڑا ہوا ہوتا ہے ۔ وہ جموں سے سری دربار صاحب امرتسر یعنی گولڈن ٹیمپل کے لئے بس سروس کو روانہ کرنے کے موقعہ پر اظہار خیال کر رہے تھے ۔

انہوں نے کہا کہ جموں امترسر بس سروس عام مسافروں ، زائرین اور سیاحوں کے لئے آمد رفت کا ایک آرام دہ وسیلہ بنے گی ۔

تعلیم

محکمہ سکولی تعلیم میں کئے گئے اصلاحات اور سرکار کی کوششوں کا ثمرہ کل ظاہر کئے گئے دسویں اور بارہویں جماعت کے نتائج میں صاف ظاہر ہو گیا ہے ۔

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے حوصلہ افزا نتائج ملنے پر تمام اساتذہ اور سکولوں کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے انہیں شاباشی دی ہے ۔

ایک سرکاری پریس ریلیز کے مطابق جموں کشمیر میں بارہویں جماعت میں پہلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والے 483 طالب علموں میں سے 425 طالب علم سرکاری سکولوں میں زیر تعلیم تھے ۔

اسی طرح سے دسویں جماعت کے امتحانات میں شامل ہوئے طالب علموں میں پاس ہونے والوں کی شرح 85 فیصد سے زائد رہی ہے ۔

سیاحت

محکمہ سیاحت زیادہ سے زیادہ سیاحوں کوجموں کشمیرکی سیرکی جانب راغب کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہا ہے اور نئے سال کی شروعات کے ساتھ ہی یہاں آنے والے سیاحوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔

گلمرگ، سونہ مرگ اور پہلگام مینان دنوں سیاحوں کی بھیڑ دیکھنے کو مل رہی ہے۔کئی سیاحوں نے یہاں کی خوبصورتی اور مہمان نوازی کے بارے میں اپنے تجربات کا یوں اظہارکیا۔

........Tourists........

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سوشل سکیورٹی سکیموں کے اثرات زمینی سطح پر نمایاں کرنے کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے متعلقہ محکموں اور جموں کشمیر بنک کو ہدایت دی ہے کہ وہ سبھی اضلاع میں ان سکیموں کا صد فیصد احاطہ یقینی بنانے کے لئے اپنے عزم کی تجدید کریں ۔ اس سلسلے میں منعقدہ ایک میٹنگ میں بتایا گیا کہ یوٹی میں 24 ہزار 9 سو سے زیادہ آنگن واڈی ورکروں کو پوشن بھی پڑھائی بھی کے تحت تربیت فراہم کی گئی ہے ۔ اس کے علاوہ پردھان منتری ماترو وندنا یوجنا کے تحت 2025-26 کے دوران 68 ہزار 790 مستحقین کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے ۔

دریں اثناءچیف سیکریٹری نے جموں کشمیر میں ڈیری سیکٹر اور
او

ن کی پیداوار کی قدر بڑھانے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔ وہ اس سلسلے میں محکمہ زرعی ¾ پیداوار کی طرف سے متعارف کردہ منصوبوں کا جائزہ لے رہے تھے جن میں

او

ن ، دودھ اور گوشت جیسی مصنوعات کی قدر بڑھانے کے لئے جینیاتی اپگریڈیشن اور بنیادی ¾ ڈھانچے کی توسیع جیسے مد شامل ہیں ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو اور ایس ایس پی سرینگر سندیپ چکرورتھی نے آثار شریف درگاہ حضرت بل جا کر وہاں شب معراج کے سلسلے میں کی گئی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے معراج العالم کی تقریب کے سلسلے میں تمام متعلقہ محکموں کو خصوصی انتظامات کرنے کی ہدایت دی ۔

چنار کور

فوج کی چنار کور کی طرف سے کل دفاعی افواج کے ویٹرنز ڈے کے موقعہ پر ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی ۔ یہ تقریب مسلح افواج کے پہلے کمانڈر اِن چیف // فیلڈ مارشل کے ایم کے اعزاز میں منعقد کی جاتی ہے ۔ Cariappa

اور دیگر عہدیدار اور GOC جیکلائی سینٹر سرینگر میں منعقدہ اس تقریب میں چنار کور کے اہلکار بھی موجود تھے ۔

محمد اعجاز اسد

زمینی سطح پر حکمرانی اور دیہی علاقوں میں خدمات کی فراہمی میں بہتری لانے کے ایک اہم اصلاحی قدم کے طور پر جموں کشمیر سرکار نے محکمہ دیہی ترقیات میں 21 ضلع پنچایت افسروں کو بحیثیت بلاک ڈیولپمنٹ آفیسرز بنایا ہے ۔

اس سلسلے میں محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد کی جانب سے با ضابطہ ایک سرکاری حکمنامہ جاری کیا گیا ہے ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی ACB کر رہا ہے۔

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کا پیغام - ACB

------S.K Pathak-----

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا -

خدا حافظ

****